22/06/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عابدہ اختر

مذاکرات

امریکہ اور ایران کے درمیان امن مذاکرات کو آگے بڑھانے کے لئے سویزرلینڈ میں بات چیت کا پہلا دور مکمل ہو گیا ہے ۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق مذاکرات کے پہلے دور میں دونوں ملکوں کے درمیان حتمی معاہدہ سے متعلق 60 روزہ روڑ میپ منظور طے پایا ہے ۔ یہ مذاکرات پاکستان اور قطر کی ثالثی کے تحت ہو رہے ہیں ۔ مذاکرات میں امریکی وفد کی قیادت نائب صدر وینس جبکہ ایرانی وفد کی قیادت وہاں کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کر رہے ہیں ۔ JD

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے بحریہ کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ مضبوط بحری صلاحیتیں کسی بھی ملک کے لئے اقتصادی اور سٹریٹجک اثر و رسوخ کا فیصلہ کُن عنصر ہوتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اس حقیقت کو سمجھتا ہے اور اس کے لئے خود کو تیار بھی کرتا ہے ۔

وزیر اعظم مغربی بنگال کے کولکتہ شہر میں شیاما پرساد مکھرجی بندرگاہ پر ملکی سطح پر تیار کئے گئے تین مختلف بحری جہازوں کو بحریہ میں شامل کرنے کے موقعہ پر ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔

-------PM-------

کھیر بھوانی

وادی میں آج کھیر بھوانی کا میلہ منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں تلہ ملہ گاندربل میں مرکزی تقریب منائی جا رہی ہے جہاں شردھالووں کی بڑی تعداد آئی ہوئی ہے جن میں مقامی پنڈت برادری کے علاوہ ملک اور بیرون ملک سے آئے ہوئے شردھالو بھی شامل ہیںہمارے نمائندے کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

مقامی مسلمانوں نے کھیر بھوانی میلے سے متعلق اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ۔

ماتا بدرکالی ہندواڑہ لوگر پور اننت ناگ اور مازہامہ کولگام میں بھی پنڈت برادری کی بڑی تعداد اس دن کو جوش و خروش کے ساتھ منا رہے ہیں ۔ کھیر بھوانی کا میلہ کشمیر کی تاریخی اور ثقافتی روایات کا ایک قدیم تہوار ہے جو یہاں کے بھائی چارے اور انسان دوستی کی نمایاں مثال رہی ہے ۔

جیشٹھ اشٹمی

آج ہی جیشٹھ اشٹمی کا تہوار بھی منایا جا رہا ہے ۔ ایل جی منوج سنہا نے اس موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

ایل جی ملاقات

شوپیان سے تعلق رکھنے والے میوہ اگانے والے اور ڈیلرس ایسو سی ایشن کے ایک وفد نے ممبر اسمبلی شبیر ا□مد کُلے کی قیادت میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ لوک بھون سرینگر میں ملاقات کی ۔ملاقات کے دوران وفد نے ایل جی سے □الیہ ژالہ باری کی وجہ سے میوہ باغات کو ہوئے نقصان کا معاوضہ منظور کرنے اور ضلع شوپیان میں فروٹ منڈی کو ترقی دینے کی درخواست کی ۔

20 وین ایشیائی کھیلوں کے لئے بھارتی ووشو ٹیم جس کی قیادت قومی چیف کوچ کلدیپ ہانڈو کر رہے تھے بھی ایل جی سے ملاقی ہوئے یہ ٹیم 23 جون کو صوبہ ہوبی میں منعقد ہونے والی شنگھائی کوآپریشن آرگنائزیشن ووشو چمپئن شپ میں □صہ لینے کے لئے چین روانہ ہوگی ۔

سابق وزیر اور اپنی پارٹی کے صدرسیّد م□مد الطاف بخاری نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی جبکہ نگین لیک کنزرویشن آرگنائزیشن کا وفد اورجموں و کشمیر پہاڑی ویلفیئر سوسائٹی کے ایک وفد جس کی قیادت اس کے چیئرمین ظفر اقبال منہاس کر رہے تھے، نے بھی لوک بھون میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا سے ملاقات کی۔

رسم رونمائی

گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول لسانہ مینڈھر میں ایک تقریب کے موقعہ پر معروف ماہر تعلیم اورمذکورہ ہائر سیکنڈری کے پرنسپل برکت □سین کی کتاب
"خطہ

پیر پنچال کا ادبی سرورق“ جاری کی گئی ۔ رسم رونمائی کی صدارت جنگلات اور ماحولیات نے کے وزیر جاوید احمد رانا نے کی ۔انہوں نے کتاب کو جموں کشمیر کے ادبی اور تاریخی ورثے میں ایک اہم اضافہ قرار دیتے ہوئے مصنف کو مبارک باد پیش کی ۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15 اعشاریہ4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 اعشاریہ3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ